39507 ـ جانور تول کرفروخت کرنا

سوال

کیا وہ جانور جس کا گوشت کھایا جاتا ہے وزن کرکے فروخت کرنا جائز ہے، کیونکہ ہمارے یہ طریقہ عام ہے؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جي ہاں زندہ جانور کا وزن کرکےفروخت کرنا جائزہے.

مستقل فتوي کميٹي سے مندرجہ ذيل سوال کيا گيا:

کيا زندہ يا مذبوح بکري اور مرغي وزن کرکے فروخت کرنا جائز ہے ؟

کميٹي کا جواب تھا:

مسلمانوں کےمابين معاملات ميں تو اصل حلت ہي ہے ليکن وہ چيز جسے شريعت مطہرہ نے نصاحرام کرديا ہے، اس سےہميں يہ علم ہوا کہ مرغي اور بکري تول کرفروخت کرني جائز ہے، ہميں شريعت ميں ايسے کسي مانع کا علم نہيں جواس سےمنع کرتا ہو. اھ

ديکھيں فتاوي اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء (13 / 290) .

اور ايک مستقل کميٹي کےايک دوسرے فتوي ميں ہےکہ:

بکري يا دوسرے جانور زندہ اور تول کرفروخت کرنے جائز ہيں، چاہے وزن کيلوگرام ميں يا کسي اور ميں اس ليے کہ مقصد فروخت کي جانےوالي چيز کا علم ہے جو کہ وزن سے حاصل ہوجاتا ہے. اھ

ديکھيں: فتاوي اللجنة الدائمة للبحوث العلمية والافتاء (13 / 290)

اور فتاوي ميں يہ بھي ہےکہ:

وزن کےساتھ حيوان کي فروخت جائز ہے، اوراجماع کےمطابق اسے بغير تولے صرف ديکھ کر ہي فروخت کرنا جائز ہے، اور اس کےپيٹ ميں جوانتڑياں وغيرہ ہيں اس کي فروخت کےجواز پر اثر انداز نہيں ہونگي کيونکہ وہ اس کے تابع

ہیں لهذا اس میں جوکچھ ہےوہ تول کرفروخت کرنا جائز ہوا. اھ

دیکھیں: فتاوي اللجنة الدائمة (13 / 289) .

واللہ اعلم .